الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

2564586 :فیکس 2560300-2560400 :فون www.jamiabinoria.net :ویب سائٹ darulifta@gmail.com :ای میل

MODE: Regular

Name :	Ashfaq Ahmad	Serial No :	20478
Address :	Hill Road F-6/3, Islamabad	Date :	9/19/2013
Subject :	SOOD	Contact No:	
Writer :	محمد امین	Email :	

A.O.A,
sir mujhy army ke CSSD store se 1 motor cycle lenie he installment me jis pe mujhy 3000 extra deny he actual price se agr me market se leta hu to mujhy 10000 se 15000 tak ziada deny hongy actual price se one year ki installment pe. plz guide me, ye halal h ya haram,

محترم مجھے آرمی کے "CSSD" اسٹور سے 1 موٹر سائیکل لینی ہے قسطوں میں جس پہ مجھے "3000" زیادہ دینے پڑتے ہیں اصل قیمت سے - اگر میں مارکیٹ سے لیتا ہوں تو مجھے دس سے پندرہ ہزار روپے تک زیادہ دینے ہونگے اصل قیمت سے ایک سال کی قسطوں پہ ۔ براہ کرم مجھے بتائیں یہ حلال ہے یا حرام؟۔

الجواب حامداً ومصلیاً

نقد کے مقابلے میں ادھار قسطوں پر چیز مہنگی خریدنا جائز ہے بشرطیکہ ذیل کی شرائط کا لحاظ رکھا جاتا ہو۔ ① مجلس عقد میں یہ طے کرلیا جائے کہ یہ معاملہ ادھار اور قسطوں پر ہوگا ② ہر قسط کی مالیت طے کرلی جائے ③ یہ بھی طے کرلیا جائے کہ کل کتنی قسطیں ہونگی ④ کسی قسط کی تاخیر کی وجہ سے کوئی جرمانہ وغیرہ مشروط نہ ہو۔

فی بحوث فی قضایا الفقهیة المعاصرة: أما الائمة الاربعة وجمهور الفقهاء والمحدثین فقد أجازوا البیع بأکثر من سعر النقد، بشرط ان یبت العاقدان بانه بیع مؤجل بأجل معلوم وبثمن متفق علیه عند العقد الخ (ج ۱ ص ۱۲) ۔

واللہ اعلم بالصواب
محمد امین اللہ عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۹ جمادی الآخرۃ ۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۴۳۵/۷/۳ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۱۴۳۵/۷/۴ھ

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دار الافتاء
نمبر ۲۰۴۷۸
۱۴۳۵/۷/۱۵

15/5/14